**D**

**CCE PF**
**CCE PR**
**Revised & Unrevised**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್, 2019

**S. S. L. C. EXAMINATION, MARCH/APRIL, 2019**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 21. 03. 2019 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **12-U**

Date : 21. 03. 2019 ] **Code No. : 12-U**

**ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು**

Subject : **FIRST LANGUAGE - URDU**

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿಗಳು ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ Private Fresh & Private Repeater)**

**[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 125**

**[ Max. Marks : 125**

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **PART-A/حصہ-الف** | |
| 15 × 1 = 15 | درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : | |
| | اللہ تعالیٰ کی کس صدا سے دنیا وجود میں آئی ؟ | .1 |
| 1 | جواب : صدائے کن۔ | |
| | کس مقام پر حضورؐ نے صحابہؓ سے خطاب فرمایا ؟ | .2 |
| 1 | جواب : میدانِ عرفات۔ | |
| | خطبۂ حجۃ الوداع کے بعد کس صحابیؓ نے اذاں دی ؟ | .3 |
| 1 | جواب : حضرت بلالؓ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ہوا چاروں طرف کیا پکارتی آئی ؟ | .4 |
| 1 | جواب : بہار آئی، بہار آئی۔ | |
| | بچوں کو اماں سے بدلہ لینا ہوتا تو وہ کیا کرتے ؟ | .5 |
| 1 | جواب : مرچوں کا حلوہ چراتے/گٹھری، پوٹلی کھول دیتے/لاٹھی چھپا دیتے۔ | |
| | ودیا چرن جی کے مطابق تاریخ ہمیں کیا سکھاتی ہے ؟ | .6 |
| 1 | جواب : ہمیں آگے بڑھنا سکھاتی ہے۔ | |
| | کونسا عقیدہ ہر مذہب میں موجود ہے ؟ | .7 |
| 1 | جواب : کرموں کا پھل/جزا و سزا/جنت و دوزخ۔ | |
| | حضرت امام حسینؓ نے صبر کی ہدایت کیوں کی ؟ | .8 |
| 1 | جواب : اللہ صبر کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔ | |
| | مصنف نے اپنے سونے کے عمل کو چھپانے کے لئے کونسے جھوٹ کا سہارا لیا ؟ | .9 |
| 1 | جواب : نماز پڑھنے کا۔ | |
| | مچھر کی نظر میں انسان کا قاتل کون ہے ؟ | .10 |
| 1 | جواب : انسان۔ | |
| | امیر خسرو کے پیرو مُرشد کا نام کیا تھا ؟ | .11 |
| 1 | جواب : حضرت نظام الدین اولیاءؒ۔ | |
| | پہلے دن مصنف کو لالہ کرپا شنکر جی نے صبح کتنے بجے جگایا تھا ؟ | .12 |
| 1 | جواب : صبح تین بجے۔ | |
| | مردِ درویش نے خسرو کو دیکھ کر کیا کہا ؟ | .13 |
| 1 | جواب : ''تم میرے پاس ایسے کو لائے ہو جو خاقانی سے دو قدم آگے ہوگا۔'' | |
| | ابتدا میں نسل آدم کو کیا آزادیاں نصیب تھیں ؟ | .14 |
| 1 | جواب : ہر جگہ آنے جانے اور رہنے کی آزادیاں۔ | |
| | ''زمانے کی گردش'' کا کیا مطلب ہے ؟ | .15 |
| 1 | جواب : اتار چڑھاؤ/خوشی و غم/عروج و زوال۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 12 × 2 = 24 | نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : | |
| | بہار کے موسم میں چڑیاں کیا کرتی ہیں ؟ | .16 |
| | جواب : | |
| 1 | بہار کی آمد سے چڑیاں خوشی سے اِتراتی پھرتی ہیں۔ | |
| 1 | اور ہر جانب ناچتی وگاتی پھرتی ہیں۔ | |
| | جواہرلال نہرو نے ''اندرا'' کی فرمائش کا کیا جواب دیا ؟ | .17 |
| | جواب : | |
| 1 | تمہاری فرمائش پر اُردو اشعار نہیں لکھے۔ سنسر والے ان خطوط میں خفیہ معنی تلاش کرتے ہیں۔ | |
| 1 | غالبؔ کے اشعار قدرے مشکل ہیں ان کے مقابلے اُردو کی ہلکی پھلکی شاعری مفید ہے۔ | |
| | (دو نکات پر پورے نمبر دئے جائیں) | |
| | بھرت نارائن جی کی روح کیوں مسکرا رہی تھی ؟ | .18 |
| | جواب : | |
| 1 | اپنی آنکھوں کی کامیابی پر مسکرا رہے تھے۔ | |
| 1 | ودیا چرن جی ان کی درشٹی (بصارت) اپنا چکے تھے۔ | |
| | حضرت زینبؓ کے اضطراب پر امام حسینؓ کا کیا ردِعمل تھا ؟ | .19 |
| | جواب : | |
| 1 | حضرت امام حسینؓ نے زینبؓ کے اضطراب پر روتے ہوئے کہا میں تیری محبت پر قربان ہو جاؤں۔ | |
| 1 | اور وہ اپنی ماں کی محبت کو یاد کرنے لگے۔ | |
| | ''سرحدیں انسانی آزادی اور ترقی میں رکاوٹ ہیں۔'' کیسے ؟ | .20 |
| | جواب : | |
| 1 | انسان سرحدوں کی وجہ سے محدود و مقید ہو جاتا ہے۔ | |
| 1 | سرحدیں آنے جانے اور کہیں بھی رہنے بسنے کی آزادی ختم کر دیتی ہیں۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .21 | دنیا کے کن ملکوں میں زعفران کی کاشت کی جاتی ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ایران، اسپین، فرانس | 1 |
| | برطانیہ، مراقش، ہندوستان | 1 |
| .22 | زعفران کے کوئی تین استعمالات لکھئے ؟ | |
| | جواب : | |
| | زعفران یونانی اور ایورویدک دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ چہرے کی رنگت کو نکھارنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ | 1 |
| | چین اور تبت میں مذہبی رسوم کی ادائیگی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ کشمیری قہوہ اور دوسرے پکوانوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ (دو نکات پر پورے نمبر دیئے جائیں) | 1 |
| .23 | تلوک چند محرومؔ رباعی میں کس بات کا پیغام دے رہے ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | تلوک چند محرومؔ نے اپنی رباعی میں نیکی اور سچائی کو اپنانے کی نصیحت کی ہے۔ | 1 |
| | مذہب کے نام پر جھگڑنے سے منع کیا ہے۔ | 1 |
| .24 | بہار کے آنے سے پہاڑوں میں کیا تبدیلی آئی ؟ | |
| | جواب : | |
| | بہار کی آمد سے پہاڑوں کی کا برف پگھل کر ندی نالوں میں بہنے لگی۔ | 1 |
| | پہاڑوں سے نکلنے والی ندیاں سمندروں سے ملنے لگیں۔ | 1 |
| .25 | ملک میں اب بھی دھرم کے نام پر جھگڑا ہوتا رہے تو کیا ہوگا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ہمارا حشر بھی خلیجی ملکوں جیسا ہوگا۔ | 1 |
| | ہماری معاشی جڑیں کمزور ہو جائیں گی۔ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .26 | لالہ کرپاشنکر جی مصنف کو کیسے جگایا کرتے تھے ؟ | |
| | جواب : | |
| | لالہ کرپاشنکر جی مصنف کو جگانے کے لئے صبح سویرے اِن کے دروازے پر مکّابازی کرتے ہیں۔ | 1 |
| | اُس وقت تک دروازے سے نہ ہٹتے، جب تک انہیں مصنف کے جاگ جانے کا یقین نہیں ہوجاتا۔ | 1 |
| .27 | بلدیہ والے کیا کام کرتے ہیں ؟ مچھر اپنے آپ کو کیا کہتا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | بلدیہ والے مچھر مارنے کا کام کرتے ہیں۔ | 1 |
| | مچھر اپنے آپ کو فنکار کہتا ہے۔ | 1 |
| | درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : | 8 × 3 = 24 |
| | متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے : | |
| .28 | ''کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی بڑائی نہیں۔'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ ''حجتہ الوداع'' سبق سے لیا گیا ہے، اِس کے مصنف سید سلیمان ندوی ہیں۔ | 1 |
| | ☆ یہ جملہ آپؐ نے کہا۔ | 1 |
| | ☆ یہ جملہ حجتہ الوداع کا خطبہ دیتے ہوئے صحابہؓ سے کہا۔ | 1 |
| .29 | ''اُردو میری اور میری دادی کی زبان ہے۔'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ ''جواہر لال نہرو کی اُردو دوستی'' سبق سے لیا گیا ہے۔ اِس کے مضمون نگار محمد رفیع انصاری ہیں۔ | 1 |
| | ☆ یہ جملہ جواہر لال نہرو نے کہا۔ | 1 |
| | ☆ سیٹھ گوند داس کے اُردو کو قومی زبان کا درجہ دینے والی زبانوں کی فہرست میں شامل کرنے پر، اعتراض کئے جانے کا جواب دیتے ہوئے کہا۔ | 1 |
| .30 | ''مسٹر صبح میں نے آپ کو آواز دی تھی، آپ نے جواب نہ دیا۔'' | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ ''سویرے جو کل آنکھ میری کھلی'' سبق سے لیا گیا ہے۔ اِس کے مصنف پطرس بخاری ہیں۔ | 1 |
| | ☆ یہ جملہ لالہ کرپاشنکر جی نے مصنف سے کہا۔ | 1 |
| | ☆ لالہ جی نے کالج میں مصنف سے صبح میں جواب نہ دینے کی وجہ جاننے کے لئے کہا۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
| --- | --- | --- |
| | درج ذیل میں سے کسی ایک مصنف کا تعارف لکھئے : | |
| | (i) اداؔ جعفری (ii) سید سلیمان ندوی | .31 |
| | جواب : | |
| | **(i) اداؔ جعفری** | |
| 1 | ☆ نام - عزیز جہاں اور اداؔ تخلص تھا۔ | |
| | حیات - پیدائش 22 اگست 1926ء بدایوں۔ | |
| 1 | وفات 12 مارچ 2015ء کو کراچی میں۔ | |
| | ☆ مہارت - اُردو کی مقبول شاعرہ و نثر نگار | |
| | ☆ کلام و تصانیف - ''میں ساز ڈھونڈتی رہی''، ''غزالاں تم تو واقف ہو''، ''شہر سخن بہانہ ہے''، | |
| 1 | ''شہر درد''، ''کارِ جہاں دراز ہے۔'' | |
| | (دو یا تین نام لکھنے پر نمبرات دئے جائیں) | |
| | **(ii) سید سلیمان ندوی** | |
| | ☆ نام - سید سلیمان | |
| 1 | ☆ حیات - پیدائش 1884ء، دسنہ، وفات 1953ء، پاکستان۔ | |
| 1 | ☆ قابلیت - جیّد عالم، مورخ، محقق، نقاد۔ | |
| | ☆ تصانیف - ارض القرآن، رحمتِ عالم، حیاتِ شبلی، نقوشِ سلیمانی، خطباتِ مدراس | |
| 1 | اور سیرت عائشہؓ۔ | |
| | (دو یا تین تصانیف لکھنے پر نمبرات دئے جائیں) | |
| | درجِ ذیل میں سے کسی ایک شاعر کا تعارف لکھئے : | .32 |
| | (i) فراقؔ گورکھپوری (ii) مرزا غالبؔ | |
| | جواب : | |
| | **(i) فراق گورکھپوری** | |
| | ☆ نام - رگھوپتی سہائے فراق | |
| 1 | ☆ حیات - پیدائش 28 اگست 1896ء گورکھپور۔ وفات 3 مارچ 1982ء۔ | |
| 1 | ☆ شعری مجموعے - روحِ کائنات، رمز و کنایات، غزلستان، شبنمستان۔ | |
| 1 | ☆ اعزازات - گیان پیٹھ ایوارڈ، ساہتیہ اکاڈمی ایوارڈ، غالب اکاڈمی ایوارڈ۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | (ii) **مرزا غالبؔ** | |
| | ☆ نام - مرزا اسداللہ خان، لقب مرزا نوشہ | |
| | ☆ حیات - پیدائش 1798ء آگرہ، وفات 1869ء دلّی۔ | 1 |
| | ☆ خصوصیات - کلام میں جدّت، شوخی، ظرافت اور فلسفیانہ رنگ۔ | 1 |
| | ☆ تصانیف - دیوانِ غالبؔ، خطوط کے مجموعے۔ | 1 |
| | درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : | |
| 33. | آغوش میں ساحل کے، کیا لطف سکوں اُس کو | |
| | یہ جان ازل ہی سے، پروردۂ طوفاں ہے | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ شعر اصغرؔ گونڈوی کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | 1 |
| | ☆ شاعر کہہ رہا ہے کہ انہیں ساحل میں سکوں میسر نہیں آتا۔ | 1 |
| | ☆ اسلئے کہ اِن کی زندگی طوفانوں میں گذری ہے۔ | 1 |
| 34. | ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں | |
| | مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ شعر علامہ اقبالؔ کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | 1 |
| | ☆ علامہ کہتے ہیں کہ اے اللہ میں تیری محبت میں انتہا کو پہنچنا چاہتا ہوں۔ | 1 |
| | ☆ پھر خود ہی کہتے ہیں کہ یہ میری معصومیت ہے کہ میں ایسا چاہتا ہوں۔ | 1 |
| 35. | اے شوقِ نظارہ کیا کہیئے، نظروں میں کوئی صورت ہی نہیں | |
| | اے ذوق تصور کیا کیجئے، ہم صورتِ جاناں بھول گئے | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ شعر مجازؔ کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ زمانے کے غموں نے میرے ذوقِ تصوّر و شوقِ نظارہ کو اس طرح متاثر کیا | 1 |
| | ☆ کہ کوئی چہرہ نظروں میں نہ رہا، محبوب کے چہرہ کو تک بھول گیا۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 2 × 3 = 6 | درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : | |
| | ایامِ جاہلیت کے رسم ورواج کے تعلق سے حضورؐ نے کیا ارشاد فرمایا ؟ | .36 |
| | جواب : | |
| | ایام جاہلیت سے متعلق آپؐ نے فرمایا : | |
| 1 | ☆ جاہلیت کے سارے دستور اور رسم ورواج میرے دونوں پاؤں کے نیچے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ جاہلیت کے سارے خون کے بدلے ختم کئے جاتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ جاہلیت کے تمام سود ختم کئے جاتے ہیں۔ | |
| | حضرت امام حسینؓ کس کے نورِعین تھے ؟ انہیں اُمت کے واسطے کیا کچھ کر گذرنا پڑا ؟ | .37 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ حضرت امام حسینؓ حضرت فاطمہؓ کے نورِعین تھے۔ | |
| 1 | ☆ آپؓ اُمت کے لئے ظلم کے تیر کھانے اور لہولہان ہونے کے لئے تیار تھے۔ | |
| 1 | ☆ آپؓ اُمت کی بخشش کے لئے پیاسے مرنے کے لئے آمادہ تھے۔ | |
| 4 × 4 = 16 | درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : | |
| | امیر خسرو سے متعلق اپنی معلومات تحریر کیجئے ؟ | .38 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یمین الدین امیر خسرو ہزارہ قبیلے سے تھے۔ بچپن ہی میں فن خطاطی اور شعروشاعری سے آراستہ ہوگئے۔ | |
| 1 | ☆ امیر خسرو کا بچپن مشقتوں بھرا رہا۔ والد کا انتقال بچپن میں ہی ہوگیا۔ نانا نے کفالت کی ذمہ داری اٹھائی وہ بھی جلد ہی چل بسے۔ | |
| 1 | ☆ امیر خسرو نے فن موسیقی وشاعری میں نام پیدا کیا۔ وہ فن موسیقی کے ماہر تھے۔ قوالی اور آلۂ موسیقی ''ستار'' کے وہ موجد تھے۔ | |
| | ☆ امیر خسرو اپنے آپ کو ہندوستانی ترک کہا کرتے تھے۔ انہیں یہاں کے پھلوں، پرندوں، آب وہوا یہاں تک کہ پان سے بھی بڑی محبت تھی۔ | |
| 1 | ☆ ہندوؤں اور مسلمانوں کو جوڑنے اور آپسی پیار ومحبت کو برقرار رکھنے میں بڑا رول ادا کیا۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | مولانا ابوالکلام آزادؔ کا ''آزادی'' سے متعلق کیا عقیدہ تھا ؟ | 39. |
| | جواب : | |
| | مولانا ابوالکلام آزادؔ ہندوستان کے وہ عظیم سپوت ہیں جنہوں نے آزادی کو حاصل کرنے کے لئے اپنا سب کچھ نچھاور کر دیا۔ | |
| 1 | ☆ آزادی سے متعلق مولانا کا اعتقاد ہے کہ آزاد رہنا ہر فرد اور قوم کا پیدائشی حق ہے۔ | |
| 1 | ☆ کوئی بھی انسانوں کی گھڑی ہوئی بیروکریسی یہ حق نہیں رکھتی کہ خدا کے بندوں کو محکوم بنائے۔ | |
| 1 | ☆ محکومی اور غلامی کے لئے کیسے ہی خوش نما نام کیوں نہ رکھ لئے جائیں وہ غلامی ہی ہے۔ | |
| | ☆ غلامی خدا کی مرضی اور اس کے قانون کے خلاف ہے۔ | |
| 1 | ☆ مولانا آزادؔ اپنا مذہبی و قومی فرض سمجھتے تھے کہ اس محکومی اور غلامی سے ملک و قوم کو نجات دلائیں۔ | |
| | **یا** | |
| | حجۃ الوداع کے خطبہ میں حضورؐ نے حسنِ معاشرت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا ؟ | |
| | جواب : | |
| | آپؐ نے حسنِ معاشرت سے متعلق احکام دیتے ہوئے فرمایا : | |
| 1 | ☆ عورتوں کے معاملے میں خدا سے ڈرو۔ تمہارا حق عورتوں پر ہے اور عورتوں کا تم پر ہے۔ | |
| 1 | ☆ اپنے غلاموں کے حق میں انصاف کرو۔ جو خود کھاؤ وہ ان کو کھلاؤ اور جو خود پہنو وہ ان کو پہناؤ۔ | |
| | ☆ ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اور سارے مسلمان بھائی بھائی ہیں۔ | |
| 1 | ☆ آپس میں تمہاری جان اور تمہارا مال ایک دوسرے کے لئے قیامت تک اتنا ہی عزت کے قابل ہے جتنا آج کا دن اس پاک مہینے میں اور اس پاک شہر میں۔ | |
| 1 | ☆ کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی بڑائی نہیں۔ تم سب ایک آدم کے بیٹے ہو اور آدم مٹی سے بنا تھا۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | اپنی نصابی کتاب سے ''نعت'' یا ''حمد'' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔<br>جواب : | 40. |
| | ☆ کچھ کفر نے فتنے پھیلائے، کچھ ظلم نے شعلے بھڑکائے | |
| 1 | سینوں میں عداوت جاگ اٹھی، انسان سے انساں ٹکرائے | |
| | ☆ پامال کیا برباد کیا، کمزور کو طاقت والوں نے | |
| 1 | جب ظلم وستم حد سے گذرے تشریف محمدؐ لے آئے | |
| | ☆ رحمت کی گھٹائیں لہرائیں، دنیا کی امیدیں برآئیں | |
| 1 | اِکرام وعطا کی بارش کی، اخلاق کے موتی برسائے | |
| | ☆ تہذیب کی شمعیں روشن کیں، اونٹوں کے چَرانے والے نے | |
| 1 | کانٹوں کو گلوں کی قیمت دی، ذرّوں کے مقدر چمکائے | |
| | **یا** | |
| | ☆ صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے | |
| 1 | عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے | |
| | ☆ کسی بھی در سے اجالوں کی بھیک کیا مانگیں | |
| 1 | اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے | |
| | ☆ صنم ترے ہیں، خدا ناشناس بھی تیرے | |
| 1 | نمازِ عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے | |
| | ☆ رضا تیری ہے، غفور الرحیم بھی تو ہے | |
| 1 | غضب وقہر بھی تیرا، ثواب تیرا ہے | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .41 | کسی **ایک** نظم کا خلاصہ لکھئے : | |
| | (i) رشوت (ii) آمدِ بہار | |
| | جواب : | |
| | (i) **رشوت** | |
| | ☆ رشوت نظم کے شاعر جوشؔ ملیح آبادی ہیں۔ | |
| | ☆ لوگ رِشوت کو ایک بدترین عادت کہتے ہوئے چھوڑنے کی نصیحت کرتے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ رشوت کے خلاف اخبارات کے بیانات اور دوسری کاوشیں احمقانہ و مجنونانہ معلوم ہوتی ہیں۔ | 1 |
| | ☆ رشوت ہر طرف عام ہے، ہر کوئی اس میں مبتلا ہے، کیا تمام کو قید کیا جائے گا ؟ | |
| | ☆ رشوت کے اسباب میں چور بازاری مہنگائی، تنخواہوں کی کمی وغیرہ ہیں، جو رشوت کو ختم کرنے کی بات کرتے ہیں وہ ریت میں کشتی چلانا چاہتے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ رشوت کا خاتمہ واقعتاً ہونا ہے تو چاہیئے کہ خون چوسنے والی صنعتوں، سرمایہ داری کی بدبختی، کم تنخواہ دینے کی بُری عادت اور بڑھتی ہوئی قیمتوں پر قابو پایا جائے۔ تب رشوت پر قابو پانا ممکن ہے۔ | 1 |
| | **یا** | |
| | (ii) **آمدِ بہار** | |
| | ☆ نظم ''آمد بہار'' شوقؔ قدوائی کی لکھی ہوئی ہے۔ | |
| | ☆ اس نظم میں شاعر نے موسم بہار کی آمد کے خوشنما مناظر کی تصویر کشی کی ہے۔ | 1 |
| | ☆ بہار کے آنے سے ہوا اس کی آمد کا اعلان کرتی ہوئی کلیوں کو ہنساتے ہوئے گذر جاتی ہے۔ | |
| | ☆ بہار کے آنے سے پہاڑوں سے صاف پانی بہہ کر سمندر میں جا ملتا ہے اور زمین سے سبزہ نکلنے لگتا ہے۔ | 1 |
| | ☆ بہار کی آمد نے خزاں پر خوف طاری کر دیا ہے اور درختوں نے دلہنوں کی طرح سرخ لباس پہن رکھا ہے۔ | 1 |
| | ☆ شبنم درختوں کو دودھ پلاتی ہے۔ ہوا محبت سے چومتی ہے درخت کی جڑیں زمین کو مضبوطی سے جکڑتے ہیں، اور پھول تاروں و انگاروں جیسے دکھائی دیتے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ ہزاروں رنگ کی چڑیاں جنگلی شکلیں خوشنما، ادائیں دلربا، صدائیں نغمہ زا، اتراتی اور ناچتی گاتی بہار کی آمد کا اعلان کرتی ہیں۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **PART-B/حصّہ -ب** | |
| 10 × 1 = 10 | درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں : | |
| | وہ منظوم کلام جس کا ہر شعر معنی کے لحاظ سے مکمل ہوتا ہے۔ | .42 |
| | A) مرثیہ B) نظم | |
| | C) غزل D) رباعی | |
| 1 | جواب : (C) غزل | |
| | جس جملہ میں مسندالیہ اسم اور مسند فعل ہو، کہلاتا ہے۔ | .43 |
| | A) جملۂ اسمیہ B) جملۂ فعلیہ | |
| | C) جملۂ خبریہ D) جملۂ انشائیہ | |
| 1 | جواب : (B) جملۂ فعلیہ | |
| | ''اماں گھر کی ملازمہ تھیں'' اس جملہ میں فعلِ ناقص کی نشاندہی کیجیے۔ | .44 |
| | A) تھیں B) گھر | |
| | C) اماں D) ملازمہ | |
| 1 | جواب : (A) تھیں | |
| | جملۂ انشائیہ کی نشاندہی کیجیے۔ | .45 |
| | A) بچہ روتا ہے۔ B) ہوشیار آگے راستہ پُر خطر ہے۔ | |
| | C) بلّی بیٹھی ہے۔ D) رات گذاری۔ | |
| 1 | جواب : (B) ہوشیار آگے راستہ پُر خطر ہے | |
| | کیا کیا خضرؑ نے سکندر سے<br>اب کسے رہنما کرے کوئی | .46 |
| | اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت ہے۔ | |
| | A) تشبیہہ B) تضاد | |
| | C) تلمیح D) تکرار | |
| 1 | جواب : (C) تلمیح | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | | | | مارکس |
|---|---|---|---|---|---|
| .47 | ان میں مذکر لفظ ہے۔ | | | | |
| | A) | بہار | B) | دلہن | |
| | C) | ہوا | D) | پنکھا | |
| | جواب : (D) پنکھا | | | | 1 |
| .48 | ان میں لاحقہ ہے۔ | | | | |
| | A) | لاجواب | B) | بدکار | |
| | C) | یتیم خانہ | D) | ناپاک | |
| | جواب : (C) یتیم خانہ | | | | 1 |
| .49 | غیر متعلق لفظ کی نشاندہی کیجئے۔ | | | | |
| | A) | راہ | B) | رہنما | |
| | C) | منزل | D) | جنگل | |
| | جواب : (D) جنگل | | | | 1 |
| .50 | ''گدھا کیا جانے زعفران کی قدر'' اس کہاوت کا مطلب ہے۔ | | | | |
| | A) | کسی چیز سے منہ پھیر لینا۔ | B) | زعفران کی قدر نہ سمجھنا۔ | |
| | C) | کسی چیز کی قدر نہ کرنا۔ | D) | گدھے کو زعفران کھلانا۔ | |
| | جواب : (C) کسی چیز کی قدر نہ کرنا | | | | 1 |
| .51 | الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے پوری بات سمجھ میں آ جائے کہلاتا ہے۔ | | | | |
| | A) | جملہ | B) | محاورہ | |
| | C) | ضرب المثل | D) | مجموعۂ کلام | |
| | جواب : (A) جملہ | | | | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 4 × 1 = 4 | پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : | |
| | بدایوں کے شام وسحر : خودنوشت سوانح :: درشٹی : ..................۔ | 52. |
| 1 | جواب : افسانہ | |
| | سر پیٹ لینا : ماتم کرنا :: غل برپا ہونا : ..................۔ | 53. |
| 1 | جواب : شور مچانا | |
| | جذبہ : جذبات :: حق : ..................۔ | 54. |
| 1 | جواب : حقوق | |
| | قدیم : جدید :: بہار : ..................۔ | 55. |
| 1 | جواب : خزاں | |
| 3 × 2 = 6 | درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : | |
| | درجِ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے : | 56. |
| | (i) دوا | |
| | (ii) رہنما | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) دوا : اللہ نے ہر بیماری کی دوا رکھی ہے۔ | |
| 1 | (ii) رہنما : ہمارے رہنما حضرت محمدؐ ہیں۔ | |
| | درجِ ذیل الفاظ کا معنوی فرق لکھئے : | 57. |
| | (i) آلہ | |
| | (ii) اعلیٰ | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) اوزار | |
| 1 | (ii) بہت بلند | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درج ذیل جملوں میں خط کشیدہ الفاظ کو ہدایت کے مطابق لکھئے : | .58 |
| | (i) ہم کو جنت کی حقیقت معلوم ہے۔ [جنس بتائیے] | |
| | (ii) میرے نام کے تینوں الفاظ جواہر لعل اور نہرو عربی یا فارسی سے آئے ہیں۔ [واحد لکھئے] | |
| | جواب : | |
| 1 | (i) مونث | |
| 1 | (ii) لفظ | |
| 2 × 3 = 6 | درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : | |
| | مفرد جملہ کسے کہتے ہیں ؟ اس کی دو قسمیں کونسی ہیں ؟ | .59 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ مفرد جملہ وہ جملہ ہے، جو ایک ہی مسند الیہ اور مسند سے بنا ہو۔ | |
| 1 | ☆ (i) جملۂ اسمیہ | |
| 1 | ☆ (ii) جملۂ فعلیہ | |
| | صنعتِ تکرار کی تعریف کرتے ہوئے مثال دیجئے۔ | .60 |
| | جواب : | |
| 2 | ☆ صنعت تکرار - ایسا شعر جس میں ایک ہی لفظ کو دہرایا جاتا ہے۔ اُسے صنعت تکرار یا صنعتِ تکریر کہتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ اصغؔر سے ملے لیکن، اصغؔر کو نہیں دیکھا، اشعار میں سنتے ہیں، کچھ کچھ وہ نمایاں ہے۔ | |
| | (کسی بھی متعلقہ مثال پر نمبر دئے جائیں) | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | صنعتِ تضاد کی تعریف بیان کرتے ہوئے مثال دیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ صنعت تضاد - شعر کی ایسی خصوصیت کو جس میں متضاد الفاظ استعمال ہوتے ہیں صنعت تضاد یا | |
| 2 | یا صنعت طباق کہتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ بچ حسنِ تعین سے، ظاہر ہو کہ باطن ہو یہ قید نظر کی ہے، وہ فکر کا زنداں ہے۔ | |
| | (کسی بھی متعلقہ مثال پر نمبر دئے جائیں) | |
| | **PART-C/ حصہ -ج** | |
| 1 × 5 = 5 | اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں اُن سے اسکول کے سالانہ اجلاس میں شرکت کی گذارش کی گئی ہو۔ | 61. |
| | جواب : | |
| 1 | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| 1 | ii) القاب و آداب | |
| 2 | iii) خط کا مضمون (سالانہ جلسہ میں شرکت) | |
| 1 | iv) اختتام | |
| | **یا** | |
| | اپنے میر مدرس کے نام ایک خط لکھئے۔ جس میں کوئی وجہ بتا کر دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| 1 | ii) القاب و آداب | |
| 2 | iii) خط کا مضمون (چھٹی کی درخواست) | |
| 1 | iv) اختتام | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 × 5 = 5 | کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھئے : | .62 |
| | (i) **ملک کی ترقی کے لئے قومی یکجہتی ضروری ہے** | |
| | (ii) انٹرنیٹ کے فائدے ونقصانات | |
| | (iii) صاف ستھرا ہندوستان، کیوں اور کیسے ؟ | |
| | جواب : | |
| | (i) **ملک کی ترقی کے لئے قومی یکجہتی ضروری ہے** | |
| 1 | تمہید - قول، شعر یا فقرہ | |
| 1 | نفسِ مضمون - (i) قومی یکجہتی کے معنی | |
| 1 | (ii) قومی یکجہتی کی اہمیت | |
| 1 | (iii) قومی یکجہتی کے فائدے | |
| | (iv) ملک کی ترقی میں قومی یکجہتی کا کردار | |
| 1 | اختتام/ خاتمہ - اعادہ، اپنی رائے کا اظہار | |
| | (ii) **انٹرنیٹ کے فائدے ونقصانات** | |
| 1 | تمہید - قول، شعر یا فقرہ | |
| 1 | نفسِ مضمون - (i) انٹرنیٹ کی تعریف | |
| 1 | (ii) انٹرنیٹ کا طریقۂ استعمال | |
| 1 | (iii) انٹرنیٹ کے فائدے | |
| 1 | (iv) انٹرنیٹ کے نقصانات | |
| | اختتام/ خاتمہ - اعادہ، اپنی رائے کا اظہار۔ | |
| | **یا** | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (iii) **صاف ستھرا ہندوستان، کیوں اور کیسے ؟** | |
| 1 | تمہید - حدیث،قول،شعر | |
| 1 | نفسِ مضمون - (i) معنی ومفہوم | |
| 1 | (ii) گاندھی جی کا نظریہ اور وزیرِ اعظم کی مہم | |
| 1 | (iii) اہمیت وضرورت | |
| 1 | (iv) پاک وصاف رکھنے کی تدابیر | |
| | اختتام/خاتمہ - اعادہ واپنی رائے کا اظہار۔ | |
| 4 × 1 = 4 | درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : | |
| | 2016 کے سول سروس (UPSC) کا امتحان کامیاب ہونے والوں میں ایک طالبہ ''اُم الخیر'' بھی ہے۔ یہ راجستھان کے غریب گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں۔ بچپن میں والدہ کا انتقال ہوا۔ ہڈیوں کے بخار نے اپاہج بنا دیا۔ والد کے ساتھ دلّی چلی آئیں۔ سوتیلی ماں نے گھر سے نکال دیا۔ ایک جھونپڑی میں بچوں کو ٹیوشن پڑھاتے ہوئے ہندی میڈیم سے تعلیم حاصل کرتی رہیں۔ دورانِ تعلیم ''شخصیت سازی'' کے 45 روزہ پروگرام میں شریک ہوئیں اور انگریزی سیکھیں۔<br>آخری دن جب اسٹیج پر تاثرات بیان کرنے کے لئے جاتے ہوئے گر پڑیں اور ساتھی ہنسنے لگے تو اس نے اسٹیج سے کہا '' آج جتنا مجھ پر ہنسنا ہے، ہنس لو مگر میرا کل اتنا تابناک ہوگا کہ کوئی مجھ پر نہ ہنس سکے گا۔ اپنی محنت ولگن سے ''اُم الخیر'' نے 2016 کے سول سروس میں کامیابی حاصل کرتے ہوئے وہ کر دکھایا جو اُس نے کہا تھا۔ | 63. |
| | سوالات : | |
| | (i) کس سن میں ''اُم الخیر'' سول سروس امتحان میں کامیاب ہوئیں ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | 2016 | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) اُم الخیر اپنے والد کے ساتھ کہاں چلی آئیں ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | دلّی | |
| | (iii) اسٹیج پر پہنچ کر ''اُم الخیر'' نے اپنے ساتھیوں سے کیا کہا ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | '' آج جتنا مجھ پر ہنسنا ہے، ہنس لو۔ مگر میرا کل اتنا تابناک ہوگا کہ کوئی مجھ پر ہنس نہ سکے گا۔'' | |
| | (iv) کس بیماری نے اُم الخیر کو اپاہج بنا دیا ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | ہڈیوں کا بخار | |